... جیسا کہ آغاز میں ہم نے آپ سے وعدہ کیا تھا کہ ہم آپ کو اپنی تقریر امتناع تقریر کے بارے میں بھی بتائیں گے سو معاملہ کچھ یوں ہے کہ اس تقریب کے لیے مدعو کرتے وقت ہمیں کہا گیا تھا کہ آپ صرف اسٹیج پر تشریف رکھیں گے روایتی جہالانی خصوصی کی طرح آپ کو تقریر کی زحمت نہیں دی جائے گی۔ لیکن تقریب کے اختتام سے قبل ہمارا نام پکار دیا گیا اور کہا گیا کہ آج کے مباحثے کے بارے میں اظہار خیال کیا جائے۔ سو ہم نے اپنے زمانہ طالب علمی کی روایات پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ... [illegible] ... ہم نے گفتگو کا آغاز کرتے ہوئے کہا کہ معاشرے میں برائیوں کا ذمہ دار نہ مرد ہے نہ عورت بلکہ نفسانی خواہشات کو فروغ دینے والا وہ نظام ہے جس کے شکنجے میں مرد و زن دونوں کسے ہوئے ہیں۔ اگر اس نظام کو ختم کر کے انسانی معاشرہ قائم کر دیا جائے تو برائیوں کا وجود ختم ہو جائے گا اور اس کے بعد مرد اور عورت دونوں میں کسی کو مورد الزام ٹھہرانے کی نوبت نہیں آئے گی۔

ہمارا خیال ہے کہ ہم نے اپنی تقریر میں یہی باتیں کہی تھیں یا غالباً یہی باتیں کہنا چاہتے تھے۔ وثوق کے ساتھ ہم اس لیے کچھ نہیں کہہ سکتے کہ اس وقت ہمیں اپنے سامنے انسانوں کی بجائے بجلی کی لہریں سی نظر آرہی تھیں۔ [illegible] ... ہم نے ... صاحب سے ہم معذرت خواہ ...

[illegible] ... پھر جب ہم خود ان مباحثوں میں ... [illegible] ... ایک مقرر نے اپنے موقف کی حمایت میں ایک نظم پڑھنے کا ...

یہ سب باتیں ہمیں اس لیے یاد آرہی ہیں کہ گزشتہ روز ہمیں ایک بار پھر ایک ادبی محفل میں تقریب کے لیے بلایا گیا۔ اس کی تفصیل آپ کو بعد میں بتائیں گے پہلے یہ جان لیں کہ یہ ... ایسوسی ایشن ... کے زیر اہتمام منعقدہ ایک مباحثہ تھا جس کا موضوع تھا "معاشرے میں برائیوں کا ذمہ دار مرد ہے"۔

ہم آپ کو یہ آخر میں ہی بتائیں گے کہ ہم نے یہاں کیا اور کیسے تقریر کی۔ پہلے یہ بتائیں کہ طلبہ و طالبات نے یہاں کیا کچھ کہا۔ موضوع کی حمایت میں بولنے والے مقررین کی گفتگو کا ماحصل یہ تھا کہ عورت میں جتنی برائیاں نظر آتی ہیں ان کے پس پردہ مرد کا ہاتھ ہے اور موضوع کی مخالفت میں بولنے والوں کا کہنا تھا کہ تاریخ پر نظر ڈالیں تو ہر فساد کے پیچھے کوئی عورت نظر آتی ہے۔ عورت کو مظلوم ثابت کرنے والوں نے ظالم عورتوں کے نام اور مرد کو ظالم ثابت کرنے والوں نے ظالم مردوں کے ناموں کی فہرست پیش کی۔ اس کے علاوہ کچھ چٹکلوں کا تبادلہ بھی ہوا۔ مثلاً ایک مقرر نے اپنے موقف کی حمایت میں ایک نظم پڑھنے کا ...

شبِ نغمہ

اس عہدِ نا امید کی ... [illegible]

... آواز تو دیکھو

اور

انشا جی اٹھو اب کوچ کرو

اس شہر میں جی کو لگانا کیا

یہ اور ایسے ہی دوسرے بے شمار

نغموں کے خالق اب آپ کے شہر میں!

استاد امانت علی خاں مرحوم

کی یاد میں

۲ / اگست کو شبِ نغمہ منائی

جا رہی ہے!

شرکت کر رہے ہیں

استاد فتح علی خاں

اسد امانت علی اور پارٹی

مزید معلومات کے لیے فون کیجیے

مسعود خاں

(416) 465-3411

(416) 275-3688

غزل

ڈاکٹر عابد اللہ غازی

پروفیسر مینی سوٹا یونیورسٹی (امریکہ)

ہم نے کانٹوں سے پھولوں کے دامن سیے بلبلوں سے نشیمن بناتے رہے
انتظار بہاراں میں ہم موسمِ گل ... آرزوؤں کے گلشن کھلاتے رہے

ہم کو معلوم ہے تم نہ آؤ گے اب پھر بھی موہوم سی دل کو امید ہے
سوچ کر شاید آؤ کبھی اس طرف راہ امکاں میں پلکیں بچھاتے رہے

ہم بچھڑے تو ... کا ... کوئی ہم کو ... وفا دے سکا
ہم محبت کی ایک بھیک کے واسطے ساری بستی کے در کھٹکھٹاتے رہے

اپنا نقدِ وفا صرف کھوٹا رہی ورنہ ہر چیز چلتی ہے بازار میں
روز روشن میں خود ہم نے دیکھا یہاں لوگ کاغذ کے سکے چلاتے رہے

ہم تو تکتے ہیں کیوں ماہ رخ اس طرح اپنا چہرہ بھی کیا کوئی آئینہ ہے
شب میں اپنی ادا دیکھنے کے لیے ... ٹھہرتے رہے اور جاتے رہے

فکر فردا نہیں یادِ ماضی نہیں پھر بھی کیا جانیے آج کیا بات تھی
ایک گوشہ میں تنہائی کے بیٹھ کر دیر تک خود ہی خود مسکراتے رہے

... قاتل کے ... پہ احسان تھا ... آج ہم ... رہے
کتنے دیوانے سودائے وحشت لیے ... سر کھاتے رہے

گر مٹانا تھا ہم کو بنایا تھا کیوں، گر بنانا تھا ہم کو مٹاتے ہو کیوں
ہم بھی ... ناز خواں ... کھیل ہیں ہم بناتے رہے تم مٹاتے رہے

... بھی گئے ... حافظ ... ہم سب نے ... پاؤں لیے
... ... خود کو ... ...

مٹ گئے پھر بھی عابد ... [illegible]
[illegible]

جامِ نو

غزل

غم کی ہر موج میں تصویرِ مسیحا دیکھوں — زخم کھا کر بھی اُسی شخص کا رستہ دیکھوں

یوں مرے شیشۂ احساس کی کرچیں بکھریں — میں ہر اک چہرے میں اُس شخص کا چہرہ دیکھوں

دل تو زندہ ہے مگر مر سے گئے ہیں جذبات — زرد پتوں کو ہری شاخ سے لپٹا دیکھوں

کتنی صدیوں سے مرے سر پہ کھڑا ہے سورج — اپنے سائے کو بھی قدموں سے لپٹتا دیکھوں

ریت اُڑتی ہے گلستاں میں بگولوں کی طرح — موج در موج ہر اک دشت میں دریا دیکھوں

دل کے سوتے ہیں جو زخموں سے لہو رستا ہے — راہ چلتے کوئی چہرہ جو شناسا دیکھوں

کتنے بے داغ ہیں سوکھے ہوئے پیڑوں کے بدن — خون ہر شاخِ ثمر دار سے رستا دیکھوں

رات میری ہی طرح سوچ کے زنداں میں ہے — صبح سورج کو شعاعوں میں بکھرتا دیکھوں

گل ہوئی جاتی ہیں احساس کی شمعیں عرفاں

بنا ہوتے ہوئے بازار کا نقشہ دیکھوں

خواجہ میر درد ... [illegible] ... میں دلی میں پیدا ہوئے۔ ... [illegible] ... خواجہ میر درد ... [illegible] ... میں دہلی میں انتقال کیا۔

[illegible]

[illegible]



ایک سیکنڈ میں کیا ہو جاتا ہے؟

ایک من چائے
ایک سو اسی گیلن پانی

ہماری زندگی میں ایک ایک لمحہ کو جو اہمیت حاصل ہے اس کا اندازہ ہم سے بہت کم لوگوں کو ہوگا۔ یہ وقت جو بہہ رہا ہے جسے ہم اور آپ محسوس کر رہے ہیں، در حقیقت بہت قیمتی ہے۔ اس کے ساتھ ہی بیش قیمت سرمائے کا حامل بھی۔ بڑھتی ہوئی ضروریات کے پیش نظر دنیا میں وقت کی وقعت روز بروز بڑھتی چلی جا رہی ہے۔ وہ وقت گزر چکا ہے جب لوگوں کو اس کا احساس نہ تھا۔ اب تو کرۂ ارض پر ایک ایک سیکنڈ میں ہزاروں واقعات اور ہزاروں تبدیلیاں جنم لیتی ہیں۔ لیکن اکثر لوگ ان سے غافل ہیں۔ اگر وقت کی اہمیت کو سمجھ کر اسے بجا استعمال نہ کیا جائے تو یہ دنیا چند ہی لمحوں میں بدل سکتی ہے۔

ایک مختصر سے سیکنڈ میں دنیا میں جانے کیا کچھ ہو جاتا ہے۔ ہر ایک سیکنڈ میں دنیا بھر میں تین لاکھ دو ہزار چار سو روپے کی خوراک کھائی جاتی ہے جب کہ اسی عرصہ میں ایک ٹن اور پندرہ من کے لگ بھگ چینی کھائی جاتی ہے۔ اگر ہم تجارت کے میدان کی طرف نگاہ ڈالیں تو معلوم ہوگا کہ دنیا بھر کے تاجر صرف ایک سیکنڈ میں پانچ لاکھ روپے کی لیتے ہیں۔ اسی عرصے میں دنیا کے مختلف علوم پر چار ہزار روپے کی کتابیں خریدی جاتی ہیں۔

دنیا بھر کے کارخانوں کو پاس ہزار فٹ دھاگہ تیار کرنے میں صرف ایک لمحہ درکار ہے۔ اسی طرح اسی عرصے میں ساڑھے پانچ ہزار روپے کا اسلحہ بک جاتا ہے۔ ایک سیکنڈ کے اندر دنیا بھر میں ایک سو پچاس ریل گاڑیاں حرکت میں آتی ہیں ایک کروڑ اسی من ایندھن وقت کے ذرائع استعمال کرتے ہیں۔ اور اسی سیکنڈ میں دنیا بھر میں دس ہزار کا ایندھن جلائے جاتے ہیں۔ دنیا بھر کے کارخانوں سے ڈیڑھ سو ہزار من بیکار مال پھینکا جاتا ہے۔ جب کہ اسی محدود عرصے میں دو کروڑ پچاس ہزار نفوس لکھنے کا کام ختم کرتے ہیں۔ اور دنیا کے تمام گھر اگر ایک ہزار روپیہ جیب سے من کر لیتے ہیں۔

ایک سیکنڈ کے مختصر عرصے میں انسان ایک سو اسی گیلن پانی پیتے ہیں۔ بارہ ٹن فولاد بنایا جاتا ہے اور بیس من شراب پی جاتی ہے۔ دنیا بھر میں ایک سیکنڈ کے اندر تقریباً ایک من پتی چائے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ ایک ہی لمحے میں ایک ہزار روپے کا سامان آتش زدگی کی نذر ہو جاتا ہے اور یک عرصہ پچاس لاکھ مالیت کی دھاتیں زمین سے نکالنے میں کام آتا ہے۔ صرف ایک لمحے میں بارہ ہزار سگریٹ پیے جاتے ہیں۔ جب کہ اسی عرصہ میں اڑتالیس ٹن کوئلہ کانوں سے نکالا جاتا ہے۔ ایک سیکنڈ کے مختصر عرصے میں دنیا بھر کے مختلف علاقوں میں ایک سو دس شہابیے بجر آسمان سے گرتے ہیں۔ جس میں مکعب فٹ بارش ہوتی ہے۔ دو ہزار اخبارات فروخت ہوتے ہیں۔ دنیا کے مختلف علاقوں میں روزانہ ہر سیکنڈ کے اندر تین ہزار چار سو ٹیلیفون کیے جاتے ہیں۔ جب کہ یہی وقت اس ہوتے جانے کے لیے کافی ہوتا ہے۔ دنیا بھر میں ہر سیکنڈ میں ۱۰۸۰ اموات واقع ہوتی ہیں۔ انسان ایک سیکنڈ میں سات مکعب انچ ہوا اپنے پھیپھڑوں کے اندر لے جا کر باہر نکال سکتا ہے جب کہ اس عرصے میں زمین کا دم عمل یہ رہتا ہے کہ وہ اپنے محور کے گرد ساڑھے سولہ چکر لگا لیتی ہے۔ اور سمندر کی حرکات کا مطالعہ کیا جائے تو پتہ چلتا ہے کہ اس عرصے میں دنیا بھر کے سمندر تمام دریاؤں سے چھ سو ٹن پانی حاصل کرتے ہیں۔

کرۂ ارض پر ایک سیکنڈ میں ٹریفک کے پانچ حادثات رونما ہوتے ہیں۔ دنیا بھر میں صرف ایک سیکنڈ میں لکھنے کے لیے تین من سیاہی استعمال ہوتی ہے۔ دنیا کی مارکیٹ میں سب سے زیادہ کپڑا فروخت ہوتا ہے۔ آپ اس کا اندازہ اس طرح لگا سکتے ہیں کہ دنیا بھر میں صرف ایک سیکنڈ میں کپڑوں کے خریداروں کی تعداد ایک چوتھائی لاکھ تک ہے۔

اندازہ لگائیے:

اس رنگ بدلتی

دنیا میں وقت

کی قیمت

کیا ہے؟

ہماری خوراک کا کافی حصہ چوہوں کی نذر ہو جاتا ہے۔ آپ یہ جان کر حیرت میں ڈوب جائیں گے کہ دنیا بھر کے چوہے ایک سیکنڈ میں بیس من غلہ کھا جاتے ہیں۔ ٹڈیاں ایک من پانچ سیر کے لگ بھگ فصلوں کا صفایا کر دیتی ہیں۔ شہد کی مکھیاں بیس سیر شہد اکٹھا کرتی ہیں۔ اور چیونٹیاں ایک من مٹی کھود دیتی ہیں۔

بس ایک منٹ ٹھہرئیے یہ فقرہ آپ دن میں کئی بار دہراتے ہیں۔ لیکن کیا آپ نے کبھی غور کیا کہ یہ منٹ کتنا قیمتی ہے۔ منٹ تو کجا اس دنیا میں ایک سیکنڈ بھی ایک تاریخی اہمیت کا حامل ہے۔ اس ایک سیکنڈ میں ہزاروں واقعات رونما ہوتے ہیں۔ دنیا کی تبدیلیاں اور تغیرات جو ابھی لمحوں میں پوشیدہ ہیں دنیا پر رہنے والوں کے انداز اور اطوار بدل رہے ہیں۔ دنیا پہلے سے کہیں زیادہ مصروف اور پیچیدہ ہوتی جا رہی ہے۔ بس اب تو اس سے نمٹنے کا ایک ہی طریقہ رہ گیا ہے اور وہ ہے وقت کا صحیح مصرف۔

●●

خوانِ نعمت

قیمے کے کباب

اشیاء: آدھ سیر قیمہ، دو گٹھی پیاز، ایک انچ کا ٹکڑا ادرک، ایک کھانے کا چمچ خشخاش تھوڑا سا کچا پپیتہ، آدھا چائے کا چمچ پسا ہوا گرم مصالحہ، ڈیڑھ چائے کا چمچ یا حسب ذائقہ نمک، ایک چائے کا چمچ پسی ہوئی سرخ مرچیں، دو کھانے کے چمچے سرکہ، ڈیڑھ چھٹانک گھی، تین ہری مرچیں، چند پتے ہرا دھنیہ، ایک لیموں، ایک چھوٹی پوتھی لہسن، ایک پاؤ دہی۔

ترکیب: گوشت کے ٹکڑے دھو کر ذرا کوٹ لیں۔ ادرک اور پیاز باریک کاٹ لیں۔ لہسن، خشخاش اور پپیتہ پیس لیں، ہری مرچیں اور ہرا دھنیہ باریک کاٹ لیں۔

گھی میں پیاز اور ادرک تل کر سرخ کر لیں۔ پھر گوشت کے ٹکڑے ڈال کر بھونیں۔ جب پانی خشک ہو جائے تو ٹکڑوں کو تمام اطراف سے سرخ کریں۔ اب پسا ہوا لہسن، خشخاش اور پپیتہ ڈال کر بھونیں۔ گرم مصالحہ، سرخ مرچیں اور نمک بھی ڈال دیں۔ جب مصالحہ بھون لیں تو دہی شامل کر دیں پھر پانی اور سرکہ ڈال کر دھیمی آنچ پر پکنے کے لئے رکھ دیں۔ بوٹیاں گل جائیں تو سارا پانی خشک کر کے بوٹیاں مصالحے سمیت بھون لیں جب گھی چھوڑنے لگے تو پتیلی چولہے پر سے اتار لیں۔ جب ڈش میں نکال کر پیش کرنے لگیں تو اطراف میں کٹی ہوئی پیاز سجائیں اوپر ہری مرچیں اور دھنیہ چھڑکیں۔ لیموں کے قتلے رکھ کر پیش کریں گرم گرم نان کے ساتھ لطف دیں گے۔

تلے ہوئے چاپ

۵۰۰ گرام بکرے کے چاپ

ایک چائے کا چمچ پسی ہوئی لال مرچ

ایک چائے کا چمچ پسا ہوا زیرہ

ایک چائے کا چمچ پسا ہوا لہسن

آدھی پیالی بھر کرم (سوکھی ڈبل روٹی کا چورا)

ایک عدد انڈا

نمک حسب ذائقہ

گھی حسب ضرورت

چاپوں پر لال مرچ، نمک، زیرہ اور لہسن مل دیں پھر ایک پتیلی میں چاپ اور آدھی پیالی بھر پانی ڈال کر ہلکی آنچ پر رکھ دیں اور دیگچی کو ڈھانپ دیں جب چاپ گل جائیں اور پانی خشک ہو جائے تو آنچ سے اتار لیں یہ خیال رہے کہ چاپ بہت زیادہ گل کر ٹوٹ نہ جائیں پھر ایک گہری پلیٹ میں انڈے کو توڑ کر اس میں تین چائے کے چمچے بھر پانی ملا کر پھینٹ لیں، اب ایک سیدھی پلیٹ میں کرم پھیلا لیں، کڑھائی میں گھی ڈال کر آنچ پر رکھ دیں جب گھی گرم ہو جائے تو ایک ایک چاپ کو انڈے میں ڈبو کر کرم میں پھر کرم کی پلیٹ میں رکھ کر دونوں طرف کرم لگا کر کڑھائی میں تلیں۔ جب ایک طرف سے بادامی ہو جائیں تو پلٹ دیں بادامی ہونے کے بعد کاغذ پر اتار لیں تاکہ فاضل گھی کاغذ میں جذب ہو جائے۔

●●

کیپیٹل ٹریڈرز





آپ کی پاکستان میں زرعی زمینیں ہوں یا نہ ہوں، آپ اپنے ساتھ جتنے چاہیں ٹریکٹرز سیلز ٹیکس فری لے جا سکتے ہیں۔ اپنے ٹریکٹر، ٹائیوٹا کاریں، فریج، ٹی وی اور دوسری بجلی کی اشیاء کے لیئے آج ہی ہمیں خدمت کا موقع دیجیئے۔

آپ کی سہولت کے لیئے ہم آپ کا سامان ماسٹر چارج، چارجیکس پیرنگ کرنے کے علاوہ امپورٹ پرمٹ اور دوسری تمام کاغذی کاروائی کا خود انتظام کرتے ہیں۔

CAPITOL TRADERS

741 BROADVIEW AVENUE
Toronto, Ont. M4K 3Y3

TELEPHONE: Toronto: [illegible]
Windsor: (519) 256 0634
Detroit: (313) 961-5711

بیرونِ ملک تربیت مکمل کرنے کے بعد واپس نہ آنے والے ڈاکٹروں کے خلاف کارروائی کی جائے گی

ڈاکٹروں کو وطن واپس لانے کیلئے نوٹس جاری کر دیے گئے ہیں

[illegible]

لاہور — [illegible]

[illegible]

نسلی کشیدگی کے باوجود برطانیہ میں تارکینِ وطن کے داخلے پر پابندی نہیں لگائی جائیگی

برطانوی پاسپورٹ رکھنے والے باشندے اپنے لواحقین کو برطانیہ بلا سکتے ہیں

سابقہ حکومت کے وعدے پورے کیے جائیں گے، برطانوی وزیر داخلہ

لندن — (اے پی پی) برطانوی وزیر داخلہ مسٹر رائے جینکنز نے یہ اعلان کیا کہ نسلی کشیدگی اور وطن میں تارکان وطن کے خلاف مظاہرات کے باوجود برطانیہ میں تارکان وطن کے داخلے پر کوئی پابندی نہیں لگائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ برطانوی پاسپورٹ رکھنے والوں کے [illegible] برطانوی حکومت [illegible]

حکومت ان کا پورا پورا احترام کرے گی اور وعدہ پورے کیے [illegible] وعدے سے منحرف ہو گی کہ جن لوگوں کے پاسپورٹ ہیں اور جن کے عزیزوں کو یہاں آنے کا حق حاصل ہے ان کے برطانیہ میں داخلے پر پابندی لگائی جائے۔ یہاں وزارت داخلہ کی طرف سے جو اعداد و شمار شائع کیے گئے ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ دولت مشترکہ سے برطانیہ میں داخل ہونے والے تارکان وطن کی تعداد پہلے سے بڑھ گئی ہے یہی وجہ ہے کہ قدامت پسند حزب اختلاف کی طرف سے مطالبہ جاری ہے کہ تارکان وطن کے داخلے پر پابندیاں لگائی جائیں۔ قدامت پسند پارلیمنٹ مسٹر جان سٹوکس نے ان اعداد و شمار پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ اعداد و شمار بڑے ہی ہولناک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ ملک جو تباہی پیدا ہوتا تھا اس کی شناخت ختم ہو رہی ہے۔

برطانوی محکمہ داخلہ نے جو اعداد و شمار شائع کیے ہیں ان کے مطابق گزشتہ سال [illegible] افراد کو [illegible] میں اکثریت ایشیائی ممالک کے افراد کی تھی [illegible]

[illegible] کے باوجود وہاں کی عبادت میں ترجیح کر کے انہیں انگلستان میں داخل ہونے کی اجازت دے دی گئی ہے تمام لوگ دیگر نسل سے تھے پچھلے دنوں برطانیہ میں نسلی کشیدگی اس وقت پیدا ہوئی جب دائیں بازو کی جماعتوں نے مطالبہ کیا کہ تارکان وطن کے داخلے پر مکمل پابندیاں عائد کی جائیں اس نسلی منافرت میں ایک ایشیائی [illegible] نوجوان ہلاک ہو گیا۔ اخبارات نے عوام کی رائے معلوم کرنے کے لیے جو سروے کیا اس کے مطابق ۸۶ فیصد تارکان وطن اور سفید فام لوگوں نے اس بات کے حق میں رائے دی کہ مزید تارکان وطن کو انگلستان میں داخلے کی اجازت دینا حماقت ہو گی اس سے نسلی منافرت بڑھے گی بہت لوگوں نے ان خیالات کا اظہار کیا ہے کہ ۵۰ ہزار سے زائد تارکان وطن کو ہر سال انگلستان میں داخلے کی اجازت دینا زیادتی ہو گی اس تعداد میں کمی کرنی ہو گی۔

ایران افغانستان میں ریلوے کا نظام قائم کرنے کا تمام خرچ برداشت کرے گا

کابل — (رائٹر) حکومت افغانستان نے اپنے ملک میں پہلی بار ریلوے کا نظام قائم کرنے کے منصوبے پر کام شروع کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں ہمسایہ ملک ایران نے تمام اخراجات خود برداشت کرنے کی پیش کش کی ہے اندازہ ہے کہ اس کام کی تکمیل پر ایک ارب ۴۰ کروڑ ڈالر لاگت آئے گی اس نظام کی تکمیل کے بعد یورپ اور برصغیر پاک و ہند کے مابین ریلوے لائن کا سلسلہ مکمل ہو جائے گا۔ علاوہ ازیں خود افغانستان کی زراعت اور صنعتی ترقی پر اس کا زبردست اثر پڑے گا۔ اس ضمن میں سروے کا ابتدائی کام کیا جا چکا ہے۔ اور اس کام کا باقاعدہ آغاز آئندہ سال کر دیا جائے گا اس ریلوے نظام کے پہلے مرحلے میں ایران ریلوے سے افغان ریلوے کا سلسلہ قائم کیا جائے گا چنانچہ ایران کے سرحدی مقام اسلام قلعہ کو مغربی افغانستان کے تاریخی مقام ہرات سے ملا دیا جائے گا۔

پاکستان بہت جلد صنعتی ملکوں کی صف میں شامل ہو جائے گا

قومی تحویل میں لیے گئے صنعتی اداروں کو گزشتہ برس ۱۵ کروڑ روپے منافع ہوا

اسلام آباد — (اے پ پ) وفاقی وزیر صنعت مسٹر رفیع رضا نے آج قومی اسمبلی میں انکشاف کیا کہ قومی تحویل میں زیر انتظام چلنے والی صنعتوں کی پیداوار میں گزشتہ سال کے مقابلے میں ۲۰ فیصد اضافہ ہوا ہے اپنی بجٹ تقریر میں مسٹر رفیع رضا نے کہا کہ پیداوار میں اضافہ اس حقیقت کے باوجود ہوا ہے کہ گزشتہ برس پیداوار میں سابقہ برس کے مقابلے میں ۳۰ فیصد ریکارڈ اضافہ ہوا تھا مسٹر رفیع رضا نے بتایا کہ رواں مالی سال کے دوران بجلی اور ٹیکسوں کی شکل میں عوام کو ۸۰ کروڑ روپے خزانے میں جمع کرائے۔ انہوں نے یہ بھی انکشاف کیا کہ عالمی کساد بازاری اور افراط زر کے باوجود ان صنعتی اداروں کو پندرہ کروڑ پچاس لاکھ روپے منافع ہوا جبکہ اس کے مقابلے میں فنانشل ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق بھارت کے سرکاری صنعتی اداروں کو گزشتہ تین برس سے کوئی منافع نہیں ہوا۔ مسٹر رفیع رضا نے بتایا کہ [illegible] ہزار ٹن [illegible] کیمیکل کی تجربہ پاکستان کو اس کی منزل کی طرف بڑھا رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بھاری مشینری کا کارخانہ آئندہ برس سے ہر سال چینی کے کارخانے کے دو پلانٹ تیار کیا کرے گا۔ سٹیل ملز نے بھی کام شروع کر دیا ہے لیکن شروع میں چند مشکلات درپیش ہیں ہم ان پر جلد قابو پا لیں گے۔ مسٹر رفیع رضا نے بتایا کہ ٹیکسلا میں قائم کیا جانے والا ڈھلائی کا بھاری کارخانہ آئندہ سال سے کام شروع کر دے گا۔ انہوں نے کہا کہ ملک تیزی سے خود کفالت کی منزل کی طرف بڑھ رہا ہے [illegible] بھاری مشینری کے کارخانوں کی پیداوار [illegible]

نوجوان صبر اور حکمت سے کام لیں: مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی

لاہور — (اپنے سٹاف رپورٹر سے) بانی جماعت اسلامی مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی نے نوجوانوں کو تلقین کی ہے کہ وہ صبر اور حکمت سے کام لیں۔ دنیا میں کوئی طاقت ان کو شکست نہیں دے سکتی اگر وہ صبر اور حکمت کا دامن نہ چھوڑیں۔ وہ آج اسلامی جمعیت طلباء پنجاب کے زیر اہتمام ڈاکٹر نذیر احمد شہید کی یاد میں ایک جلسے میں تقریر کر رہے تھے۔ جلسے سے جماعت اسلامی کے امیر میاں طفیل محمد اور جماعت اسلامی پنجاب کے صدر [illegible] نے بھی خطاب کیا۔ مولانا ابوالاعلیٰ مودودی نے ڈاکٹر نذیر احمد شہید کو خراج عقیدت پیش کیا اور کہا کہ جب ہم کسی ایسے رفیق کی یاد مناتے ہیں جس نے اللہ کی راہ میں جان دی ہو تو اس عزم اور ارادے کو تازہ کرنے کے لئے مناتے ہیں کہ جس راہ پر وہ گیا ہم بھی اس کی پیروی کریں۔ انہوں نے کہا کہ تحریک اسلامی اس تحریک کا نام ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عرب میں برپا کی اور جس کی روشنی سے تمام دنیا میں اسلام پھیلا۔ انہوں نے کہا کہ تحریک اسلامی کا اولین مقصد یہ ہے کہ جو کچھ رسول اللہ صلعم نے فرمایا اسے بے غرض اور بے لوث طریقے سے پھیلایا جائے اور افراد کو اس پر ایمان لانے کی دعوت دی جائے۔ زندگی، رزق، راحت، مشقت سب اللہ کے ہاتھ میں ہے اور اس کے علاوہ کوئی نہ رفعت بخش سکتا ہے، نہ بگاڑ سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موت کے لئے اللہ تعالیٰ نے ایک وقت مقرر کیا ہے۔

ہم اقلیتوں کو زندگی کے ہر شعبے میں ساتھ لے کر چلنا چاہتے ہیں

اقلیتوں کی کانفرنس کے اختتامی اجلاس سے وزیر اعظم کا خطاب

راولپنڈی — (اے پ پ) وزیر اعظم بھٹو نے اقلیتی نمائندوں کو یقین دلایا ہے کہ حکومت پاکستان اقلیتوں کے بارے میں ایک اعلان جلد جاری کرے گی جسے تاریخی دستاویز کی حیثیت حاصل ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ اعلان درحقیقت اقلیتوں کے حقوق کے بارے میں عوامی حکومت کی پالیسی اور حکمت عملی کا آئینہ دار ہو گا۔ ہوٹل انٹر کانٹی نینٹل میں اقلیتوں کی دو روزہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ اعلان کم از کم ایک تاریخی دستاویز سے کم نہ ہو گا اور یہ اقلیتوں کے ساتھ ہمارا عہد ہو گا اور مسلمان اور پاکستانی ہونے کی حیثیت سے اس اعلان میں اقلیتوں سے کیے گئے وعدوں کو جامہ عمل پہنانے کے لئے ہمارے عزم اور مساعی کا آئینہ دار ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ اس عہد سے پہلا سرا ہو سکے گا کہ ہم مسلمان اور ایک پاکستانی کی حیثیت سے اقلیتوں کو زندگی کے ہر شعبے میں [illegible] ساتھ لے کر چلیں گے۔

وزیر اعظم بھٹو نے اس اعلان کا [illegible] خیر مقدم کیا۔ وزیر اعظم بھٹو نے کہا کہ پاکستان میں اقلیت اور اکثریت کو یکساں حقوق حاصل ہیں اسی طرح اقلیتی افراد کے فرائض اور ذمہ داریاں بھی ایک جیسی ہیں۔ یہاں اقلیت کا کوئی فرد کسی طرح بھی اکثریتی فرقے کے کسی فرد سے پیچھے نہیں ہے اس بات کی آئین میں واضح طور پر ضمانت دی گئی ہے اگر پاکستان پر بسنے والے کا پہلا حق ہے کہ وہ مسلمانوں اور پاکستانیوں کی حیثیت سے ایسا چاہیے کہ ہم اقلیتوں کو ہر شعبے میں ساتھ لے کر چلیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اقلیتوں کو بھی ملک کی بھلائی اور تعمیر و ترقی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہیے۔

شیخ عبداللہ پھر بولے

[illegible] — [illegible] شیخ عبداللہ نے بھارتی حکومت کے ایما پر آج ایک بیان جاری کیا [illegible]

ٹریکٹروں پر دس فیصد درآمدی سرچارج وصول کرنے کا فیصلہ واپس لے لیا گیا

اپنی تجارت کی ترقی اور ضروریات کے لیے

کریسنٹ

میں اشتہار دیجئے!

حکومت زرعی ترقی اور پیداوار کو بہت اہمیت دیتی ہے، وزیر خزانہ

نئے بجٹ سے پہلے عائد کردہ ڈیوٹی بھی وصول کی جائے گی

نیشنل اسمبلی ہال — (اے پ پ) حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ بجٹ میں بیرونی ممالک سے درآمد کی جانے والی مشینوں پر جو دس فیصد ٹیکس عائد کیا گیا تھا، ٹریکٹروں کو اس سے مستثنیٰ قرار دے دیا گیا ہے۔ یہ اعلان وفاقی وزیر خزانہ رانا محمد حنیف نے قومی اسمبلی میں کیا۔ انہوں نے کہا حکومت نے یہ فیصلہ زرعی ترقی کے پیش نظر کیا ہے کیونکہ حکومت زرعی ترقی کو جو کی اہمیت دیتی ہے جو ملک کی قومی معیشت کے استحکام کے لئے ضروری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت نے زرعی ترقی کے لئے متعدد اقدامات کیے ہیں تاکہ ملک میں زرعی پیداوار بڑھے چنانچہ ٹریکٹروں پر جو ڈیوٹی وصول کی جائے گی جو نئے بجٹ سے پہلے وصول کی جاتی تھی۔ ان کے اس اعلان کا تالیوں سے خیر مقدم کیا گیا۔

روس، بھارت اور پاکستان میں بہتر تعلقات کا متمنی ہے: مشترکہ اعلامیہ

ماسکو — (رائٹر) روس اور بھارت نے پاکستان اور بھارت کے حالیہ معاہدے کی تعریف کی ہے جس کے تحت دونوں ملکوں نے سفارتی تعلقات بحال کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

ذرائع ابلاغ پر حکومت کا قبضہ ہے اور آزاد اخبارات کے اشتہارات بند کر دیے گئے ہیں: مفتی محمود

اسلامی مشاورتی کونسل اپنے فرض کی ادائیگی میں ناکام رہی ہے

نئے ٹیکس عائد کرنے کی بجائے وصولی کا نظام بہتر بنایا جائے

قومی اسمبلی ہال — (اے پ پ) قومی اسمبلی میں آج بجٹ پر چھٹے روز بھی بحث جاری رہی آج مقررین میں سے اکثر نے سرکاری نظام بہتر بنانے اور بعض علاقوں میں نئی سڑکیں بنانے کا مطالبہ کیا۔ حزب اختلاف کی طرف سے اہم مقرر مفتی محمود تھے جنہوں نے غیر ملکی امداد پر زیادہ انحصار کی مخالفت کی اور ملکی وسائل پر تکیہ کرنے پر زور دیا۔

تاہم نظام تاریخ حزب اختلاف مولانا مفتی محمود نے بجٹ پر سخت نکتہ چینی کی اور کہا کہ اس میں زیادہ انحصار غیر ملکی قرضوں پر کیا گیا ہے انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اسے داخلی وسائل کو آزمانا چاہیے یہ زیادہ مستحسن بات ہو گی اگر قوم کو یہ بتا دیا جاتا کہ ۱۹۷۱ء میں پاکستان کیسے دولخت ہوا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں کوئی جمہوریت نہیں اور شہری آزادیاں مفقود ہیں اور لاء نیشنل آف پاکستان کو حکومت کے مخالفین پر استعمال کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے ریڈیو اور ٹیلیویژن پر بھی نکتہ چینی کی اور مطالبہ کیا کہ مذہبی پروگراموں کا وقت بڑھایا جائے انہوں نے ٹریکٹروں پر درآمدی سرچارج ختم کرنے پر مسرت کا اظہار کیا۔

شروع میں انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کی رہنمائی میں ملک نے بے پناہ ترقی کی ہے۔

[illegible] مظفر خان نے اپنی تقریر میں زیادہ توجہ اپنے حلقہ انتخاب کے مسائل کی طرف مبذول کرائی اور اپنے علاقے میں تعمیراتی کام کی رفتار تیز کرنے پر زور دیا۔ دریا خان کھوسو نے زرعی سیکٹر میں ترقی پر زور دیا اور مطالبہ کیا کہ اسلامی جاگیرداری اور سسٹم ختم کرنے کے لئے حکومت کو زیادہ رقم مخصوص کرنی چاہیے۔ مسٹر غلام حیدر چیمہ نے موجودہ بجٹ کو متوازن قرار دیا اور صنعتی مشینری پر درآمدی سرچارج ختم کرنے کا مطالبہ کیا۔

انہوں نے بھارت کے ساتھ تعلقات کو معمول پر لانے کے فیصلے کی حمایت کی اور افغانستان کے ساتھ تعلقات میں اصلاحات پر بھی مسرت کا اظہار کیا اور کہا کہ دونوں پڑوسی ملکوں کے ساتھ حالات معمول پر آ جانے کے بعد اب پاکستان میں ہنگامی حالت کو جاری رکھنے کا کوئی جواز نہیں ہے انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ پاکستان کو فوری طور پر ایٹم بم تیار کرنا چاہیے اور ملک و وطن کے مفاد کے لئے ہر اعتبار سے لیس ہونے کی ضرورت و اہمیت پر زور دیا آج جب اسمبلی کا اجلاس شروع ہوا تو سب سے پہلے محمد خان چودھری نے اپنی گزشتہ روز کی تقریر [illegible]

البریٹا میں نئے انتخابات

پاکستان ایسوسی ایشن آف البرٹا کے نئے انتخابات ۳۰ مئی کو عمل میں آئے جس میں ایگزیکٹو کونسل برائے سال ۷۷–۱۹۷۶ء کے ممبر یہ ہیں:

علاؤ الدین محمد چودھری — صدر

ڈاکٹر [illegible] — نائب صدر

[illegible] — جنرل سیکرٹری

حامد چوہدری — سوشل سیکرٹری

اقبال بخاری — خزانچی

[illegible] — [illegible]

[illegible] — [illegible]

[illegible] قریشی — [illegible]

آل جموں و کشمیر مسلم کانفرنس کو پاکستان پیپلز پارٹی میں مدغم کر دیا جائے گا

[illegible] جموں و کشمیر مسلم کانفرنس اور پیپلز پارٹی کے مشترکہ اجلاس میں کیا جائے گا [illegible]

راولپنڈی — (اے پ پ) توقع ہے کہ آل جموں اینڈ کشمیر مسلم کانفرنس کے صدر سردار محمد ابراہیم ۲۱ جون کو پاکستان پیپلز پارٹی میں مدغم کرنے کا اعلان کر دیں گے۔ ۲۱ جون کو ان دونوں جماعتوں کا یہاں مشترکہ اجلاس منعقد ہو رہا ہے ایک روز قبل ۲۰ جون کو مسلم کانفرنس کی جنرل کونسل کا اجلاس منعقد ہو گا جس میں اس سلسلے میں فیصلہ کیا جائے گا یہ بات خود سردار ابراہیم نے اخباری نمائندوں کو بتائی۔ انہوں نے تسلیم نہیں کیا کہ ان کارکنوں کا تعین ہی ادغام کے بعد کیا گیا ہے تاہم انہوں نے اعتراف کیا کہ مظفر آباد اور راولپنڈی میں کئی مواقع پر کارکنوں سے ادغام کے بارے میں بات چیت ہوئی ہے۔ اس وقت ادغام کے حق میں ہے مسلم کانفرنس کے کارکن پیپلز پارٹی سے تعاون تو کر رہے ہیں لیکن اب وہ مشترکہ پلیٹ فارم کے متمنی ہیں تاکہ وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کے ہاتھ مضبوط کیے جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ مسئلہ کشمیر حل کرانے کے لئے وزیر اعظم بھٹو کے ہاتھ مضبوط کیے جانے ضروری ہیں۔

کراچی میں لوگ ایک ہی تعطیلات میں اچھا ... دیہات میں چھا ... جائے گی

کراچی میں اضافی نقل و حمل کے پابندی ہٹانے کا فیصلہ

مظفر علی شمسی انتقال کر گئے

لاہور ـــــ (وقائع نگار) مجلس تحفظ ختم نبوت کا نائب صدر اور تحفظ حقوق شیعہ کے جنرل سیکرٹری سید مظفر علی شمسی آج یہاں حرکت قلب بند ہو جانے سے وفات پا گئے ان کی عمر ... سال تھی۔ انہوں نے اپنے پیچھے ایک بیوہ، ایک بیٹا اور ... سوگوار چھوڑی ہیں ...

مسلم لیگ کی قائد اعظم کانفرنس کے اجلاس میں پولیس کا پھینکا ہوا آنسو گیس کا شیل پھٹ رہا ہے

قائد اعظم کانفرنس کے افتتاحی اجلاس پر پولیس کا لاٹھی چارج

چھ مندوبین زخمی ہو گئے۔ بغیر اجازت لاؤڈ سپیکر استعمال کرنے کا الزام

لاہور ـــــ (اپنے سٹاف رپورٹر سے) آج سہ پہر مسلم لیگ کے دفتر میں جہاں قائد اعظم کانفرنس کا افتتاحی اجلاس ہو رہا تھا پولیس نے داخل ہو کر لاٹھی چارج کیا اور آنسو گیس استعمال کی جس سے مسلم لیگ کے ایک ترجمان کے مطابق مسلم لیگ کے چھ کارکن زخمی ہو گئے ...

وفاقی وزیر تعلیم عبدالحفیظ پیرزادہ اور عراقی وزیر تعلیم و سائنسی تحقیق نعیم عبدالجلیل نے تعاون کے سمجھوتے پر دستخط کیے

کھر کے مزید ستر ساتھی پیپلز پارٹی میں شامل ہو جائیں گے: بشیر احمد بخش

لاہور ـــــ (اپ پ) سابق طالب علم لیڈر ملک بشیر احمد بخش نے کہا ہے کہ مختلف شہروں کے دوروں کے دوران مجھ پر مزید انکشاف ہوا ہے کہ مسٹر غلام مصطفےٰ کھر کے دوست اس بات کا احساس کرنے لگے ہیں کہ انہیں غلط راہ پر چلایا جا رہا تھا۔ انہوں نے ایک بیان میں کہا کہ یہ لوگ عنقریب پیپلز پارٹی میں شامل ہو جائیں گے۔

پاکستان آئندہ سال خوراک میں خودکفیل ہو جائے گا

گوجرانوالہ ـــــ (پ پ ا) وزیر اعظم کے مشیر برائے اقتصادی امور مسٹر شاہد حسین نے کہا کہ انشاء اللہ ملک آئندہ سال خوراک کے معاملہ میں خودکفیل ہو جائے گا۔ آپ مقامی میونسپل ہال میں پارٹی کارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ مسٹر شاہد حسین نے کہا کہ باوجود اس کے کہ ملک کی ایک ... اور ... کے خلاف داخلی اور خارجی سازشیں ہوتی رہتی ہیں ... موجودہ حکومت نے غیر معمولی کارکردگی دکھائی ہے۔

آج کے کھلاڑی

رشید جونیئر

پاکستانی ہاکی ٹیم کے کپتان

انٹرویو م۔ ج نعیم



سوال: رشید صاحب! پاکستانی قومی ہاکی ٹیم کے انتخاب کے بارے میں ...

رشید جونیئر: جی ہاں! ...

بھارت سے بنگلہ دیش میں داخل ہونے والے تخریب کاروں کو پوری قوت سے کچل دینے کا حکم

وطن دشمن عناصر عوام کی جان و مال کے لیے خطرہ بنے ہوئے ہیں

پولیس کو اپنا فرض پورا کرنا ہوگا : میجر جنرل ضیاء الرحمٰن

ڈھاکہ ــــ (اے پی پی) بنگلہ دیش کے ڈپٹی چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر میجر جنرل ضیاء الرحمٰن نے ... [illegible]

غلیان کے قومی دن پر پیغام تہنیت

اسلام آباد ــــ (اے پی پی) ... [illegible] ... وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے ... کے قومی دن کے موقع پر ... مبارکباد کے پیغام بھیجے ہیں۔

فرخا بند کی تعمیر کے خلاف عنقریب مسلمان ملکوں کی کانفرنس بلائی جائے گی

باکسنگ کے عالمی چیمپئن محمد علی کو بھی شرکت کی دعوت دی جائیگی: بھاشانی

ڈھاکہ ... (اے پی پی) بنگلہ دیش کے رہنما مولانا عبدالحمید بھاشانی نے خیال ظاہر کیا ہے کہ ... فرخا بند کی تعمیر کے خلاف احتجاج کے لیے آئندہ ... مسلمان ملکوں کی کانفرنس بلائی جائے گی ... باکسنگ کے عالمی چیمپئن محمد علی کو بھی شرکت کی دعوت دی جائے گی۔ یاد رہے کہ اس فرخا بند کی تعمیر کے خلاف احتجاج کے لیے مولانا بھاشانی گذشتہ ماہ ... ہزار افراد کی ایک ریلی کی قیادت کر چکے ہیں۔

آئندہ ماہ قاسم بندر کا سنگ بنیاد رکھا جائے گا

اسلام آباد ــــ (اے پی پی) ... [illegible] ... نے آج قومی اسمبلی میں بتایا کہ وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو آئندہ ماہ قاسم بندرگاہ کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ آپ نے بتایا کہ بلجیئم کی ایک فرم کے ساتھ بندرگاہ کی تعمیر کا معاہدہ طے پا چکا ہے۔

بیر صاحب پگاڑا نے پریس کانفرنس میں ایران اور افغانستان کا ذکر نہیں کیا تھا

اپوزیشن پر دوست ملکوں سے تعلقات خراب کرنے کا الزام بے بنیاد ہے: ملک محمد قاسم

لاہور ــــ (اپنے سٹاف رپورٹر سے) پاکستان مسلم لیگ کے سیکرٹری جنرل ملک محمد قاسم نے کہا ہے کہ پیر صاحب پگاڑا کی پریس کانفرنس میں ایران اور افغانستان کا کوئی ذکر نہیں تھا۔ ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے پیپلز پارٹی کے ان الزامات کو بے بنیاد اور غلط قرار دیا کہ ... افغانستان کے ساتھ مذاکرات میں رکاوٹ پیدا کی ہے اور یہ بیان ایران کے ساتھ پاکستان کے تعلقات پر بھی اثر انداز ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ نے ہمیشہ مسلم ممالک افغانستان اور ایران کے ساتھ بہتر تعلقات قائم کرنے کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ کے تمام دور حکومت میں ایران کے ساتھ ہمارے نہایت ہی خوشگوار تعلقات رہے ہیں ... [illegible]

[illegible]



بنگلہ دیش میں سیلاب سے ۱۰۰ افراد ہلاک

۵۰ لاکھ سے زیادہ متاثر ہوئے
فوج امدادی سرگرمیوں میں مصروف ہے

ڈھاکہ ــــ ... فوج کے جوان بنگلہ دیش میں سیلاب سے متاثرہ افراد کو محفوظ مقامات تک پہنچانے میں مصروف ہیں۔ حالیہ شدید سیلاب سے بنگلہ دیش میں ۱۵ لاکھ افراد متاثر ہوئے ہیں اور اب تک ۱۰۰ افراد کی ہلاکت کی اطلاعات ملی ہیں ... اور ... کے اضلاع میں سیلاب سے دھان اور دوسری فصلیں مکمل طور پر تباہ و برباد ہو گئی ہیں۔

HusainAutosLtd

SYED MOHAMED HUSSAIN
President

FIRST CAR DEALERSHIP, GAS STATION, CAR WASH, AND SERVICE
ASSURING YOU BEST DEPENDABLE SERVICE IN TOWN
YOUR SATISFACTION IS OUR SUCCESS
Phone (416) 759 1500

HusainAutosLtd
... LAWRENCE AVE., E., SCARBOROUGH, ONTARIO
(At Birchmount)

[illegible]

... نیا بھارت کے ساتھ تعلقات کی بات ... اگر ہم نے بھارت کے ساتھ تنازعات ... بھارت سے تعلقات ... علاقے پر بھارتی قیادت کو تسلیم کرنے کے ...

شاندار افتتاح

لذیذ و عمدہ



مٹھائیاں



پاکستانی اور ہندوستانی نئے اور پرانے گانوں کے ریکارڈ

- گیت
- غزلیات
- راگ و ساز

ریکارڈز

نور جہاں، مہدی حسن، لتا، طلعت....
ہر قسم کے ریکارڈ کے لیئے تشریف لائیے۔

KHYBER SWEETS

&

RECORDS

461-3217

916 PAPE AVENUE

TORONTO

Something to Get Excited About!

shan

SUPERMARKET

2054 DANFORTH AVE., (AT WOODBINE) TORONTO. Tel: 423-1380

HAS SPECIALS

FROM JULY 1 - JULY 15, 1976

BRING THIS AD. AND GET THESE SPECIALS

HALAL SPRING LAMB	(Half or Full) $1.75 Lbs.	2 Lambs	Limit
HALAL VEAL	(Half or Full) 1.29 Lbs.	1 Veal	Limit
RED DELICIOUS APPLES	4 Lbs. for 1.00	8 Lbs.	Limit
BANANA	1 Lbs. for .10¢	5 Lbs.	Limit
FLORIDA ORANGES	1 Doz. for .59¢	3 Doz.	Limit
POTATOES	10 Lbs. for 1.00	20 Lbs.	Limit
PEPSI (24 Cans) CASE	1 Case for 3.99	2 Case	Limit

ہمارا دعویٰ - پاکیزہ ماحول - مناسب دام

shan

SUPERMARKET

2054 DANFORTH AVE., (AT WOODBINE) TORONTO. Tel: 423-1380

OPEN

MONDAY TO WEDNESDAY	9 A.M. to 6 P.M.
THURSDAY & FRIDAY	9 A.M. to 9 P.M.
SATURDAY	9 A.M. to 6 P.M.

ثقافتی مرکز کی سربراہی سے استعفیٰ دے دیا

[illegible]

پرورش کی ۔۔۔ جنگلوں میں بھیڑیوں کے ساتھ رہنے والا یہ انسانی بچہ آج کل کینیا نیشنل ہسپتال نیروبی میں دوسرے انسانی بچوں کے ساتھ زیر علاج ہے۔ اسے کیلے بہت مرغوب ہیں۔ کچھ عرصہ قبل اسے جنگل میں مسلسل تعاقب کے بعد پکڑ لیا گیا تھا۔ باور کیا جاتا ہے کہ ... اس وقت اس کی عمر ... ہے

صوبیدار محمد یونس بھی اولمپک ٹیم میں شامل کر لیے گئے

اسلام آباد ۔۔۔ (اپ پ) نہایت موثق ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ نائب صوبیدار محمد یونس کو مانٹریال میں اولمپک کھیلوں میں حصہ لینے والی جماعت میں شامل کر لیا گیا ہے۔ نائب صوبیدار محمد یونس بہت تیز دوڑنے میں اچھا نام پیدا کر چکے ہیں۔ ان کی شرکت سے دوڑوں میں حصہ لینے والے اتھلیٹوں کی تعداد ۳ اور کل کھلاڑیوں کی تعداد ۲۰ ہو گئی ہے۔

حکومت شہروں اور قصبوں میں سینما گھروں کی تعمیر کو فروغ دے گی

پاکستانی فلموں کا معیار گر گیا ہے: بین الصوباتی رابطہ کمیٹی کا اظہار تشویش

کہانی کے مسودے کا قبل از وقت سنسر شپ ناگزیر ہے: حفیظ پیرزادہ

اسلام آباد ۔۔۔ (اپ پ) بین الصوباتی رابطے کے وفاقی وزیر مسٹر عبدالحفیظ پیرزادہ نے یہاں انکشاف کیا ہے کہ شہروں اور قصبوں میں سینما گھروں کی تعمیر کو فروغ دیا جائے گا اور صوبائی حکومتوں کو اس مقصد کے لئے فوری امداد دی جائے گی۔ [illegible]

سید فدا حسن کو بھارت میں پاکستان کا سفیر نامزد کیا جا رہا ہے

راولپنڈی ۔۔۔ [illegible]

تحریک پاکستان کے صف اول کے رہنما قاضی محمد عیسیٰ انتقال کر گئے

کراچی ۔۔۔ (اپ پ) تحریک پاکستان کے صف اول کے رہنما، قائداعظم کے معتمد ساتھی اور بلوچستان کے معمر سیاستدان قاضی محمد عیسیٰ آج صبح عارضۂ قلب کے باعث انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ آپ کی عمر ۷۲ برس کے لگ بھگ تھی۔ پسماندگان میں بیوہ، تین صاحبزادے اور دو صاحبزادیاں شامل ہیں۔ آپ کو کل پشین میں آبائی قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا۔ قاضی صاحب کے انتقال کی خبر سنتے ہی کوئٹہ میں تمام سرکاری دفاتر اور تعلیمی ادارے بند کر دیے گئے۔ ملک کے کونے کونے سے مرحوم رہنما کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا جا رہا ہے۔

وطن عزیز جاتے ہوئے اپنے عزیزوں، رشتہ داروں کے لیے تحفے لے جانا ایک مشرقی رسم ہے۔ ایک اچھا تحفہ اعلیٰ ذوق اور دانشمندی کی دلیل ہے۔

مشہور کمپنیوں کے بنے ہوئے ۲۲۰ وولٹ کے ریفریجریٹر، ریڈیو، ٹیپ ریکارڈر وغیرہ ... پاکستانی بھائیوں کے لیے

خواہوں کی تعبیر ۔ خواہشوں کی تکمیل کا مرکز

AAlice International

Unique Trade & Commerce

3240 Bloor St. W., Suite #5a

Toronto, Ont. CANADA M8X 1E

Tel: (416) 231-1766 & 459-0820

سندھ کی جیلوں سے بھاری رشوت لے کر رہا کیے جانے والے قیدیوں کی دوبارہ گرفتاری کا حکم

متعدد جیل حکام گرفتار کیے جا چکے ہیں

[illegible]

کریسنٹ کا یہ شمارہ اگر آپ کو مفت ملے تو اس کی سالانہ خریداری قبول فرما کر ہمیں اپنی خدمت کا موقع دیجیے۔ یہ اخبار خود بھی پڑھیے اور اپنے دوستوں کو بھی پڑھنے کے لیے دیجیے۔ (ادارہ)

کریسنٹ کے سالانہ خریداروں سے گزارش ہے کہ وہ اپنے اخبار پر اگر یاد دہانی کی سرخ مہر دیکھیں تو بروقت اپنی ممبر شپ کی تجدید کر دیں تاکہ اخبار بغیر کسی رکاوٹ کے آپ تک پہنچتا رہے ۔۔۔ شکریہ! (ادارہ)

کرسینٹ

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

پاک افغان تعلقات — خوشگوار تبدیلی

وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کے پانچ روزہ سرکاری دورۂ کابل کے خاتمہ پر جو مشترکہ اعلان جاری کیا گیا ہے اسے پاکستان اور افغانستان کے باہمی اقتصادی تعلقات کی راہ میں ایک اہم سنگِ میل کا نام دیا جا سکتا ہے کیونکہ اس میں پہلی مرتبہ بین الاقوامی طور پر مسلمہ بقائے باہمی کے پانچ اصولوں کی بنیاد پر باہمی کے سیاسی اختلافات اور دیگر اختلافات حل کرنے کا عزم ظاہر کیا گیا ہے۔ دونوں ملکوں کے تعلقات میں ایک اور خوشگوار تبدیلی یہ رونما ہوئی ہے کہ وزیراعظم بھٹو کے دورے سے جو دوستانہ ماحول اور خوشگوار فضا قائم ہوئی ہے اسے برقرار رکھنے کے لیے دونوں ملک ایک دوسرے کے خلاف ریڈیو اور اخبارات کے ذریعے مخاصمانہ پروپیگنڈا بند کرنے پر رضامند ہو گئے ہیں۔ مسٹر بھٹو نے کابل کے لیے روانگی کے موقع پر پشاور میں ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے اپنے مشن اور توقعات کی بڑی تفصیل کے ساتھ وضاحت کی تھی اور بڑے واضح طور پر کہا تھا کہ ہو سکتا ہے میرے اس دورے میں مذاکرات مکمل نہ ہو سکیں اور مزید مذاکرات کے لیے وزیراعظم افغانستان کو اسلام آباد آنا پڑے اور پھر مجھے افغانستان جانا پڑے۔ مسٹر بھٹو کے پانچ روزہ سرکاری دورے میں اگرچہ مذاکرات قطعی طور پر مکمل نہیں ہوئے اور اب مستقبل قریب میں سردار داؤد خان پاکستان آئیں گے لیکن یہ بات یقینی طور پر کہی جا سکتی ہے کہ دونوں ملکوں کے مابین بہتر تعلقات قائم کرنے کی خواہش و کوشش کے ایک خوشگوار دور کا آغاز ہو گیا ہے اور خدشہ کا شبہ بڑا نازک اور پیچیدہ ہوتا ہے اس میں کوئی چیز حتمی اور یقینی نہیں ہوتی۔ بین الاقوامی حالات بظاہر کچھ نظر آتے ہیں اور نتیجہ کچھ اور برآمد ہوتا ہے۔ لیکن آثار و قرائن پاکستان اور افغانستان کے تعلقات میں جس خوشگوار تبدیلی کی غمازی کر رہے ہیں اگر اس کے مثبت پہلوؤں سے استفادہ کی پُرخلوص اور بھرپور کوشش کی گئی تو دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات کے ایک نئے دور کا آغاز ہو سکتا ہے۔

پاکستان اور افغانستان کے عوام کے درمیان صدیوں پرانے تاریخی، جغرافیائی، ثقافتی، تجارتی اور دینی رشتے قائم ہیں لیکن یہ بڑی ہی تکلیف دہ حقیقت ہے کہ دونوں ملکوں کے عوام کی خواہشات کے باوجود سرکاری سطح پر تعلقات قابلِ فخر نہیں رہے۔ باہمی تعلقات کو کبھی ٹھیک بھی سمجھا تو ان میں وہ گرمجوشی پیدا نہ ہو سکی جو دو مسلم ہمسایہ ملکوں کے درمیان ہونی چاہیے تھی۔ اس کا نتیجہ دونوں ملکوں کے نقصان کی صورت میں برآمد ہوتا رہا۔ ہم اس وقت ماضی کی تلخیوں کا تذکرہ کرنا مناسب نہیں سمجھتے اور صرف یہ کہنے پر اکتفا کریں گے کہ دونوں ملکوں میں سرکاری سطح پر خوشگوار باہمی تعلقات کی اہمیت و افادیت کا جو احساس ہوا ہے وہ قابلِ رشک برادرانہ تعلقات کا پیش خیمہ ثابت ہونا چاہیے۔ وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کے دورۂ کابل سے ایک خوشگوار فضا قائم ہو گئی ہے۔ ایک دوسرے کے خلاف مخاصمانہ و معاندانہ پروپیگنڈا بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ "پختونستان" کا دلآزار ذکر بھی اب سننے میں نہیں آیا۔ اور ہمیں یقین ہے کہ افغان رہنما نے اگر آئندہ بھی اسی جذبہ سے کام لیا جس کا مظاہرہ انہوں نے مسٹر بھٹو کے دورۂ کابل کے دوران کیا ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ کابل اور اسلام آباد کے درمیان ایسے ہی مضبوط برادرانہ تعلقات قائم نہ ہو جائیں جیسے کہ تہران اور اسلام آباد یا ریاض اور اسلام آباد یا انقرہ اور اسلام آباد کے درمیان قائم ہیں۔ ماضی میں پاکستان اور افغانستان کے تعلقات بگاڑنے میں بھارتی حکمرانوں کا کافی ہاتھ رہا ہے۔ مسلم پاکستان کے وجود کو ذہنی طور پر قبول نہ کرنے والے بھارتی حکمرانوں کی ہمیشہ یہ کوشش رہی ہے کہ اگر اسے ختم نہیں کیا جا سکتا تو کم از کم باقی دنیا بالخصوص عالمِ اسلام سے الگ کر کے بے یار و مددگار بنا دیا جائے۔ بھارتی وزیراعظم شریمتی اندرا گاندھی جولائی کے پہلے ہفتہ میں کابل کا دورہ کرنے والی ہیں۔ افغان رہنما برصغیر کے حالات و واقعات سے بہت کچھ سیکھ چکے ہوں گے اور انہیں ہند بھارت کے توسیعی عزائم کا بھی احساس ہو چکا ہوگا اور انہوں نے گزشتہ ۲۹ سال میں یہ بھی محسوس کر لیا ہوگا کہ مسلم پاکستان کے ساتھ بدمزگی خود افغانستان کے لیے بھی کس قدر مضرت رساں ثابت ہوئی ہے۔ اس لیے توقع کرنی چاہیے کہ اگر بھارتی وزیراعظم شریمتی اندرا گاندھی نے اپنے دورۂ کابل کے دوران افغان رہنما کو پھر کوئی سبز باغ دکھانے کی کوشش کی تو وہ ان کے فریب میں نہیں آئیں گے۔

پاکستان — غیر ملکی تجارت میں خسارہ

اقتصادی ترقی کے لیے غیر ملکی قرضوں پر انحصار نقصان دہ ہوگا

تحریر: ارشد محمود راجہ

گزشتہ چند برسوں سے ترقی پذیر ممالک کو غیر ملکی تجارت میں زبردست خسارے کا سامنا ہے۔ یہ نقصان موجودہ غیر مناسب ساختی نظام کی پیداوار ہو یا ترقی یافتہ ممالک کی امتیازی اور ترقی پذیر ممالک کی غلط معاشی پالیسیوں کا نتیجہ — لیکن یہ حقیقت ہے کہ اس کا قومی آمدنی اور معاشی ترقی پر بڑا ناگوار اثر پڑتا ہے۔ غیر ملکی تجارت سے حاصل شدہ آمدنی ہمیشہ بیرونی قرضوں اور امداد سے بہتر اور مفید ہوا کرتی ہے کیونکہ یہ آمدنی ہر قسم کی سیاسی یا اقتصادی پابندیوں سے بے نیاز ہوتی ہے۔ ...

... ملکی ہو گئیں۔ جو کہ پچھلے شدہ وقفہ سے ۲۰۰ فی صد کم تھیں۔ گزشتہ سال کے مقابلہ میں برآمدات ۲.۵۰ فی صد بڑھیں، لیکن روئی، کاٹن یارن، کاٹن کے کپڑے، کورس چاول، مچھلی، چمڑا، خام اون اور پٹرولیم کی اشیاء کی برآمد میں کمی ہوئی۔ سیمنٹ، کاٹن، ... دھاگے، اونی کارپٹ اور تمباکو کی برآمد میں اضافہ ہوا۔ غیر ملکی مصنوعات اور گندم کی قیمت میں زبردست اضافہ کی وجہ سے درآمدی بل بڑھ کر ۱۳۵۲۹.۰۶ ملین روپے ہو گیا۔ اس طرح تجارت میں ...۳۳۲۰ ملین روپے کا خسارہ ہوا۔ ...

جنگ اور سیرت — جنگی سٹرٹیجی

ریٹائرڈ بریگیڈیئر گلزار احمد اپنی کتاب "غزوات رسول پاک" میں لکھتے ہیں:

"عظیم جنگی سٹرٹیجی کا اصل مقصد یہ ہے کہ جنگ کے بعد کی ضروریات کو بھی پیش نظر رکھا جائے اور پورا کیا جائے۔ اگر جنگ کے بعد آپ کا مدمقابل مطمئن اور خوش نہیں صرف برتر فوجی قوت سے زیر ہوا ہے، تو وہ بعد میں ضرور بار بار مقابلہ کے لیے اٹھتا رہے گا۔ لیکن اگر آپ نے اپنے مدمقابل کو ذہنی لحاظ سے زیر کرنے کے ساتھ اسے اپنے اعلیٰ اخلاق اور اعلیٰ نظامِ حیات سے مطمئن کر دیا ہے تو پھر وہ آپ کے خلاف کبھی ہتھیار نہیں اٹھائے گا۔ اس لحاظ سے دیکھا جائے تو تاریخ ..."

حدیث نبوی

...

قائداعظم کا سال ہے

اتحاد، ایمان، نظم و ضبط

قائداعظم نے فرمایا

نوجوان بالخصوص طالب علم کسی قوم کی زندگی میں مستقبل کے معمار کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ہر ذی شعور قوم مستقبل کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے مستقبل کے ان معماروں کی تعلیم و تربیت پر غیر معمولی توجہ دیتی ہے اور قوم کے اکابرین ان کی نسل کے لیے کردار و عمل کے ساتھ تعمیر کرتے رہتے ہیں۔ بانیٔ قوم حضرت قائداعظم بھی نوجوانوں اور طالب علموں کو اپنے قیمتی مشوروں سے نوازتے رہتے تھے۔

چنانچہ آپ نے فرمایا: ...

تعلیم اور طلباء

سکون خاطر، صبر و برداشت اور انکساری کے ساتھ اپنی قوم کی سچی خدمت کرتے جایئے۔

آل انڈیا مسلم سٹوڈنٹس کانفرنس جالندھر

۱۵ نومبر ۱۹۴۲ء



فرانز سٹی ہال کے سامنے پاکستانی ہاکی ٹیم (فوٹو: سلیم)

خوش آمدید

کینیڈا اور امریکہ میں ... پاکستانی ہاکی ٹیم ... (مزید خبریں صفحہ ۲ پر)

کرسینٹ

یکم جولائی ۱۹۷۶ء مطابق ۳ رجب ۱۳۹۶ھ — جلد ۵ شمارہ ۱۳

پاکستان اور بھارت میں پروازوں کی بحالی

بین الاقوامی عدالت سے مقدمہ واپس لینے کی دستاویز تیار کر لی گئی

دونوں ملکوں میں ریلوے سروس کی بحالی کے لیے مذاکرات جاری ہیں

نئی دہلی ـــــ (ایسوسی ایٹڈ پریس) پاکستان اور بھارت کی حکومتوں نے فضائی پروازوں کی بحالی کے معاہدے پر دستخط کر دیے ہیں۔ اس سلسلے میں دونوں ملکوں کے وفدوں کے درمیان گذشتہ چار روز سے یہاں مذاکرات جاری تھے۔ مذاکرات کے اختتام پر آج نئی دہلی ریڈیو نے اعلان کیا کہ فضائی سروس بحال کرنے کا معاہدہ طے پا گیا ہے اور معاہدے کی دستاویز پر ابتدائی دستخط کر دیے گئے ہیں۔ باضابطہ دستخط بعد میں کسی تاریخ کو کیے جائیں گے۔ ریڈیو نے ایک سرکاری ترجمان کے حوالے سے بتایا کہ بات چیت خوشگوار ماحول میں ہوئی ...

نئی دہلی میں بات چیت کی مدت میں ایک دن کی توسیع کر دی گئی ہے ... دونوں وفدوں کے سربراہوں نے اپنی اپنی حکومتوں کے ساتھ ... ایک معاہدے پر متفق ہو سکے۔

بھارتی حکومت کے ساتھ بات چیت کے سلسلے میں جو وفد نئی دہلی آیا ہے وہ دونوں ملکوں میں ریلوے سروس کی بحالی کے سلسلے میں مذاکرات کر رہا ہے ...

ڈاکٹر وطن میں رہ کر دیہاتوں کے عوام کی جدوجہد میں ہاتھ بٹائیں

سہولتوں سے محروم دیہاتی باشندوں کی نظریں آپ پر لگی ہیں: صدر مملکت فضل الہیٰ

حیدرآباد ـــــ (اے پی پی) صدر مملکت مسٹر فضل الہیٰ چوہدری نے نوجوان ڈاکٹروں پر زور دیا ہے کہ وہ ... آج یہاں لیاقت میڈیکل کالج جامشورو کی سالانہ تقریبات کا افتتاح کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تمام معاشرہ بالخصوص محروم دیہی طبقے کی نگاہیں آپ کی جانب لگی ہوئی ہیں۔ وہ امید بھری نگاہوں سے آپ کو دیکھ رہے ہیں لیکن ابھی تک ان کی یہ تمنائیں پوری نہیں ہو سکیں ...

مشرقی پاکستان پر حملے میں بھارت کے بارہ ہزار فوجی مارے گئے تھے

نئی دہلی ـــــ (اے پی پی) بھارت کا ۱۹۷۱ء میں مشرقی پاکستان پر جارحانہ حملہ ... بارہ ہزار جوانوں کی صورت میں ادا کرنی پڑی تھی ... جیل کرنے کی اپیل کی ہے۔

لاہور میں دفعہ ۱۴۴ نافذ کر دی گئی

لاہور ـــــ (اے پی پی) ڈپٹی کمشنر لاہور نے دفعہ ۱۴۴ کے تحت ... لاہور کی حدود میں عام مقامات پر پانچ یا پانچ سے زیادہ افراد کے اجتماعات پر پابندی عائد کر دی ہے۔ علاوہ ازیں جلوس نکالنے اور عام مقامات پر تقاریر کرنے ... لاؤڈ سپیکر کے استعمال پر بھی پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ مزید برآں آتشیں اسلحہ لے کر چلنے پھرنے پر بھی پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ یہ حکم ... سے ایک ماہ تک نافذ رہے گا۔

ایشیائی تارکین وطن پر حملوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے

ایسٹ لندن میں ایک انگریز کے قتل کے بعد تشدد کے واقعات بڑھ گئے

"نوجوان ایشیائی 'بغاوت' پر اتر آئے ہیں" ایشیائی لیڈروں کا موقف

لندن (نمائندہ خصوصی) برطانوی وزیر اعظم اور ہوم سیکرٹری کی طرف سے نسلی منافرت کے خلاف سخت اقدام کے اعلان کے باوجود نسلی تشدد کے واقعات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ مختلف شہروں میں بڑھتی ہوئی نسلی کشیدگی کے بارے میں تارکین وطن حلقوں میں سخت تشویش پائی جاتی ہے اور یہ مطالبہ زور پکڑتا جا رہا ہے کہ حکومت نیشنل پارٹی کے حامیوں، نیشنل فرنٹ کے لیڈروں اور اسی طرح کے دوسرے افراد کے خلاف جو مقامی لوگوں کو نسلی فسادات پر اکسا رہے ہیں، مقدمہ قائم کرے اور ان تارکین وطن دشمن جماعتوں پر پابندی عائد کی جائے۔

تارکین وطن حلقے نسلی تشدد سے متعلق واقعات کے بارے میں حکومت کی سرد مہری اور پولیس کے "جانبدارانہ" رویہ کے خلاف بھی گہری تشویش کا اظہار کر رہے ہیں اور اس خدشہ کا برملا اظہار کیا جا رہا ہے کہ اگر صورت حال میں کوئی تبدیلی نہ آئی تو ایشیائی تارکین وطن کا نوجوان طبقہ لیڈر شپ کو چیلنج کر کے "بغاوت" پر اتر آئے گا اور حالات قابو سے باہر ہو جائیں گے۔ گذشتہ دو تین ہفتوں کے دوران رونما ہونے والے نسلی تشدد کے واقعات سے غیر یقینی کی فضا پیدا ہو گئی ہے اور جلسوں، جلوسوں نے نسلی فسادات اور اس غیر یقینی کی کیفیت کو اور بھی تقویت دی ہے۔

بتایا گیا ہے کہ نئی پود اس فضا میں گھٹن محسوس کرتی ہے۔ نسلی تشدد کے واقعات ان دنوں لندن، بلیک برن اور اولڈہم اور بعض دوسرے علاقوں میں انتہا کو پہنچ گئے ہیں اور آئے دن ایشیائی تارکین وطن پر نسل پرست انگریز غنڈوں کے حملوں کی اطلاعات ملتی ہیں۔ گزشتہ ہفتہ کے روز نیشنل پارٹی کی طرف سے ایسٹ لندن میں "تارکین وطن کے خلاف جلوس" اور اس کے نتیجہ میں ہونے والے ہنگامے کے دوران ایک انگریز کا قتل اور زخمیوں میں تارکین وطن پر حملے ظاہر کرتے ہیں کہ ان واقعات کی شدت میں اور بھی اضافہ ہوگا۔ اگرچہ پولیس نے اس انگریز کے قتل کو نسلی تشدد کا واقعہ قرار نہیں دیا تاہم بتایا جاتا ہے کہ جس ایشیائی طالب علم کو قتل کے الزام میں گرفتار کیا گیا ہے نیشنل پارٹی کے جلوس کے بعد اس پر پانچ چھ انگریز غنڈوں نے حملہ کیا تھا۔

ادھر برطانیہ کے بعض شہروں میں تارکین وطن حلقے پولیس کی عدم توجہی سے اس قدر مایوس ہو گئے ہیں کہ انہوں نے حفاظتی گشتی دستے ترتیب دینا شروع کر دیے ہیں۔ بتایا جاتا ہے کہ یہ دستے ان علاقوں میں رات کے وقت گشت کریں گے جہاں نسل پرست غنڈوں کے حملے کا خطرہ ہوگا۔ اور اگر پولیس بروقت مدد کو نہ پہنچی تو وہ غنڈوں کا مقابلہ کریں گے۔

غیر ممالک میں رہنے والے پاکستانی چھ ماہ بعد کار وطن لے جا سکیں گے

اسلام آباد ـــــ وزارت تجارت نے اعلان کیا ہے کہ غیر ممالک میں رہتے اور زر مبادلہ کمانے والے پاکستانیوں کو غیر ممالک میں چھ ماہ کے قیام کے بعد کار درآمد کرنے کی اجازت ہوگی اور یہ پاکستانی دو سال کے قیام کے بعد اپنے رشتہ داروں کو کار کا تحفہ بھیج سکیں گے۔ وزارت تجارت کے اعلان میں کہا گیا ہے کہ اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے غیر ممالک میں آمدنی کے بارے میں پاکستانی سفارت خانہ کی طرف سے تصدیق شدہ سرٹیفکیٹ پیش کرنا لازمی ہوگا ... کار پرمٹ جاری نہیں کیا جائے گا۔

جمشید مارکر جاپان میں پاکستان کے سفیر ہوں گے

اسلام آباد ـــــ (اے پی پی) حکومت پاکستان نے مسٹر جمشید کے اے مارکر کو جاپان میں پاکستان کا سفیر مقرر کیا ہے۔ اس سلسلے میں آج وزارت خارجہ نے باقاعدہ اعلان کیا ہے۔

اٹاوہ میں مسجد کی تعمیر کا کام اس سال کے آخر تک مکمل ہو جائے گا

کراچی ـــــ نمائندہ خصوصی اٹاوہ میں پانچ لاکھ ڈالر سے تعمیر ہونے والی مسجد کی تعمیر کا کام آخری مراحل میں داخل ہو گیا اور امکان ہے کہ تعمیر اس سال کے اختتام تک مکمل ہو جائے گی۔ اس مسجد کا ڈیزائن ایک پاکستانی ماہر تعمیرات غازی افتخار اسد نے تیار کیا ہے اور ان کی فرم ہی مسجد کی تعمیر کا کام کر رہی ہے۔ اٹاوہ کی مسجد پارلیمنٹ ہل سے تین میل کے فاصلے پر پانچ ہزار مربع فٹ رقبے میں تعمیر کی گئی ہے جس کے مینار کی بلندی ... فٹ اور گنبد کا محیط ... فٹ رکھا گیا ہے۔ غازی افتخار اسد کے مطابق ایک مینار کی تعمیر کا مقصد یہ ہے کہ تمام دنیا کے مسلمان ایک ہی اللہ ایک خدا کو مانتے ہیں۔ بتایا گیا ہے کہ مسجد کی تعمیر کے اخراجات کے لیے حکومت پاکستان نے ایک لاکھ ڈالر کا عطیہ دیا ہے جبکہ سعودی عرب نے ... ہزار ڈالر اور کویت نے ... ہزار ڈالر دیے ہیں۔

Please subscribe to the Crescent, a Pakistani English/Urdu Newspaper in regular print for the last 5 years.

SUBSCRIPTION RATES:

☐	1 Year	1st Class Mail	$ 8.00
☐	2 Years	1st Class Mail	$14.00
☐	6 Months	1st Class Mail	$ 5.00

پندرہ روزہ

FORTNIGHTLY
Crescent
کرسینٹ

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
ٹورنٹو، کینیڈا
Telephone: (416) 49. . . /4

Name

Address

Postal Code

Telephone No.